**02.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

.............................................................................

☆ مرکزی کابینہ نے کسانوں کی زندگی اور اُن کی آمدنی کو بہتر کرنے کیلئے 14 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے 7 بڑے اقدامات کو منظوری دے دی ہے۔

☆ کابینہ نے گجرات کے Sanand میں سیمی کنڈکٹر کا ایک یونٹ قائم کرنے کی تجویز اور ممبئی اور اندرو کے درمیان کم ترین فاصلے کی کنیکٹی ویٹی فراہم کرنے کے ایک نئی ریل لائن پروجیکٹ کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ تلنگانہ میں بارش سے متعلق واقعات میں کم سے کم 16 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ آندھراپردیش، مہاراشٹر اور گجرات کے بہت سے حصوں میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔

☆ گھریلو شیئر بازار، Sensex اور نفٹی آج اپنی اب تک کی سب سے اعلیٰ ترین سطح پر بند ہوئے۔

☆ اور پیرس میں جاری پیرالمپک گیمز میں بھارتی کھلاڑیوں نے ایک طلائی اور چاندی کا ایک تمغہ جیتا ہے۔ اسی کے ساتھ مجموعی تمغوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Cabinet***

مرکزی کابینہ نے، تقریباً 14 ہزار کروڑ روپئے کی مجموعی مختص رقم کے ساتھ، کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانے اور اُن کی آمدنی میں اضافہ کرنے کی 7 بڑی اسکیموں کو آج منظوری دی۔ آج تیسرے پہر نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کلیدی پروجیکٹوں میں ڈیجیٹل زرعی مشن، خوراک اور تغذیائی تحفظ کیلئے فصلوں کی سائنس، باغبانی کی فروغ، کرشی وگیان کیندر اور قدرتی وسائل کا انتظامیہ شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ڈیجیٹل زرعی مشن کو، زراعت کیلئے ڈیجیٹل سرکاری بنیادی ڈھانچے کی طرز پر تیار کیا جارہا ہے۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnav Digi Agri Mission

کابینہ نے 3 ہزار 979 کروڑ روپئے مجموعی لاگت سے خوراک اور تغذیائی تحفظ کیلئے فصل جاتی سائنس سے متعلق تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ یہ پہل سن 2047 تک کسانوں کو آب وہوا کی لچک کیلئے تیار کرے گا نیز

خوراک کا تحفظ فراہم کرے گی۔309 کلو میٹر طویل ریل کی ایک نئی لائن کے پروجیکٹ کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ اِس کا مقصد دو بڑے تجارتی مراکز- ممبئی اور اندرو کے درمیان کم سے کم فاصلے کی کنیکٹی ویٹی فراہم کرنا ہے۔ اِس کی مجموعی لاگت 18 ہزار کروڑ روپئے ہوگی۔ یہ پروجیکٹ سال 2028-29 تک مکمل کرلیا جائے گا۔

## Cabinet Semiconductor

کابینہ نے گجرات کے Sanand میں Kaynes سیمی کون پرائیویٹ لمیٹڈ کی سیمی کنڈکٹر کی ایک اکائی قائم کرنے کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ سیمی کنڈکٹر کے ایک درخشاں حیاتیاتی نظام کو فروغ دینے کی غرض سے کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Anupam Mishra

گجرات کے Sanand میں مجوزہ یونٹ 3 ہزار 300 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری سے قائم کیا جائے گا۔ اِس اکائی کی صلاحیت 60 لاکھ چپس یومیہ ہوں گی۔ اِس یونٹ میں تیار کردہ چپس مختلف طرح کے اپلی کیشنز میں استعمال کئے جائیں گے، جس میں صنعتی، آٹوموٹیو، الیکٹرک گاڑیاں، صارفین کے الیکٹرانکس، ٹیلی کام، موبائل فونز وغیرہ کے زمرے شامل ہیں۔ حکومت نے دسمبر 2021 میں سیمی کنڈکٹروں اور ڈسپلے مینوفیکچرنگ حیاتیاتی نظام کی فروغ کیلئے پروگرام نوٹیفائی کیا تھا جس کیلئے 76 ہزار کروڑ روپئے کی مجموعی رقم مختص کی گئی تھی۔ جون 2023 میں مرکزی کابینہ نے گجرات کے Sanand میں سیمی کنڈکٹر کا ایک یونٹ قائم کرنے کی پہلی تجویز کو منظوری دی تھی۔ اِس سال فروری میں مزید تین سیمی کنڈکٹر یونٹوں کو منظوری دی گئی۔

ٹاٹا الیکٹرانکس، گجرات کے Dholera اور آسام کے Morigaon میں سیمی کنڈکٹر کا ایک ایک یونٹ قائم کر رہا ہے۔ CG پاور، گجرات کے Sanand میں سیمی کنڈکٹر کا ایک یونٹ قائم کر رہا ہے۔ ان تمام چار سیمی کنڈکٹر کے یونٹوں کی تعمیر تیز رفتار سے پیشرفت کر رہی ہے اور یونٹوں کے نزدیک سیمی کنڈکٹروں کا ایک درخشاں حیاتیاتی نظام اُبھر کر آرہا ہے۔ یہ تمام یونٹ تقریباً ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری لائیں گے۔ ان یونٹوں کی مجموعی صلاحیت تقریباً 7 کروڑ چپس یومیہ ہے۔

آکاشوانی دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Prez-Maharashtra Visit

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت کی ترقی میں امدادِ باہمی کے شعبے کا تعاون بے مثال ہے۔ صدرِ جمہوریہ آج سہ پہر کولہا پور کے Warananagar میں خواتین کے شری Warana امدادِ باہمی گروپ کی گولڈن جوبلی تقریب میں اظہارِ خیال کررہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار اور صنعت نے اقتصادی ترقی میں ایک کلیدی رول ادا کیا ہے لیکن ملک کی ترقی میں امدادِ باہمی شعبے کا رول بے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ Lijjat Papad اور Amul امدادِ باہمی کے شعبے کی کامیابی کی بہترین مثالیں ہیں۔

SB-Prez Murmu-Women Empowerment

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو مہاراشٹر کے تین روزہ دورے پر آج کولہا پور پہنچیں۔ گورنر C.P رادھا کرشنن نے کولہا پور پہنچنے پر صدرِ جمہوریہ کا خیرمقدم کیا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کل پونے میں Symbiosis International Deemed یونیورسٹی کے 21 ویں جلسۂ تقسیمِ اسناد کی تقریب سے خطاب کریں گی۔ اِس کے علاوہ، محترمہ دروپدی مرمو ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی صدسالہ تقریب میں بھی شرکت کریں گی۔ x

## PM Brunei Singhapor Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل Brunei اور سنگاپور کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزیر اعظم، سلطان حاجی حسن Al Bulkiah کی دعوت پر Brunei کا دورہ کر رہے ہیں۔ یہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا Brunei کا پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیر اعظم سنگاپور کے اپنے ہم منصب Lawrence Wong کی دعوت پر 4 اور 5 ستمبر کو سنگاپور کا دورہ کریں گے۔x

## BJP Membership

سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں پارٹی کی رکنیت کی مہم کا آغاز کیا۔ جناب مودی نے پارٹی کے صدر جے پی نڈّا سے اپنی رکنیت کی تجدید کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ BJP عوام کی توقعات کے مطابق رہنے کیلئے اپنے آپ کو بہتر کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک میں بہت سے ایسے علاقے ہیں جہاں اِتنے سالوں کے بعد بھی سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ BJP حکومت نے، PM جن من یوجنا وضع کرکے ایک خصوصی کوشش کا آغاز کیا ہے۔ BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا، سینئر پارٹی لیڈروں اور مرکزی وزراء امت شاہ اور راجناتھ سنگھ نے بھی اجتماع سے خطاب کیا۔x

## Telangana Rain

تلنگانہ ریاست میں حالیہ شدید بارش سے وابستہ واقعات میں کم از کم 16 افراد اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، ریاستی وزیر ڈی سری دَھر بابو نے کہا کہ مختلف ضلعوں میں نشیبی علاقوں میں پانی بھرنے کے بعد تلنگانہ ریاستی حکومت نے راحتی اقدامات تیز کردیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ متاثرہ ضلعوں میں Khammam، Mahbubabad اور Suryapet کے علاقوں میں صورتحال اب بھی سنگین ہے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ A. Revanth Reddy نے بارش سے متاثرہ Khammam اور Suryapet اضلاع کا دورہ کیا اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے سیلاب سے متاثرہ کنبوں کو 10-10 لاکھ روپے کی امداد فراہم کئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس صورتحال کو قدرتی آفت قرار دیں۔ x

## Andhra Pradesh Flood

ریاستی اور مرکزی حکومتیں پورے آندھرا پردیش میں سیلاب سے متاثرہ خطوں میں معمول کے حالات بحال کرنے کیلئے تمام تر کوششیں کررہی ہیں۔ 40 بجلی سے چلنے والی کشتیوں اور چار ہیلی کاپٹروں سے لیس NDRF کی 126 اہلکاروں پر مشتمل ایک ٹیم آج صبح وجے واڑہ پہنچی ہے تاکہ امدادی کارروائیاں انجام دی جاسکیں۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے آج وجے واڑہ میں کرشنا لنکا ، Jakkampudi اور بھوانی پورم کا دورہ کیا۔ انہوں نے Prakasam بیراج پر سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ x

## Maha Rains

مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ خطے میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ Jalna ، Beed ،Nanded ، Parbhani اور ہنگولی اضلاع موسلادھار بارش سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ Parbhani ضلعے کے کئی حصوں میں کُل سے شدید بارش ہوئی ہے۔ راحت اور بچاؤ اقدامات میں ضلع انتظامیہ کی مدد کرنے کی خاطر آج صبح 60 فوجی جوانوں پر مشتمل بھارتی فوج کا ایک دستہ اور میڈیکل ٹیموں کو روانہ کیا گیا ہے۔ ابتدائی جائزے کے مطابق سیلاب سے کم از کم 63 گاؤوں کے افراد متاثر ہوئے ہیں۔ گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ x

## Gujarat Rain

آج گجرات کے مختلف حصوں میں شدید بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے چار روز میں ریاست میں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کُل سورت اور بھڑوچ ضلعوں کیلئے بہت شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ x

## J&K List

BJP نے جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کیلئے آج امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے ریاستی یونٹ کے صدر رویندر رینا کے نوشیرا سے میدان میں اُتارا ہے۔ ونود گپتا کو راجوری سے، اعزاز حسین کو لال چوک سے اور زاہد حسین کو چرارے شریف سے امیدوار بنایا ہے۔ کانگریس پارٹی نے بھی جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے 6 امیدواروں کی ایک لسٹ جاری کی ہے۔ پارٹی نے سابق رکن پارلیمنٹ حمید Karra کو سینٹرل Shalteng سے، ممتاز خاں کو Reasi سے، بھوپیندر Jamwal کو شری ماتا ویشنو دیوی اسمبلی حلقے سے ٹکٹ دیئے ہیں۔x

## J&K Forces

جموں وکشمیر میں سکیورٹی فورسز نے آج Samba ضلعے کے سرحدی علاقے میں ہتھیار اور گولی بارود برآمد کیا

ہے، جسے ڈرون کے ذریعے گرایا گیا تھا۔ انٹلی جنس کی اِن اطلاعات کی بنیاد پر کہ رات میں ڈرون کے ذریعے کچھ اسلحہ گرایا گیا ہے، سکیورٹی اہلکاروں نے Samba ضلعے کے رام گڑھ سیکٹر میں تلاشی کی ایک کارروائی شروع کی۔ تلاشی کی کارروائی کے دوران تین پستولیں اور گولی بارود برآمد کیا گیا ہے۔ BSF اور پولیس کو الرٹ پر رکھا گیا ہے اور علاقے میں تلاشی کی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔x

## J&K Landslide

جموں و کشمیر میں آج دو عقیدتمند خواتین ہلاک اور ایک کم عمر بچی شدید طور پر ، اُس وقت زخمی ہوگئی ، جب آج سہ پہر پنچھی ہیلی پیڈ کے نزدیک ماتا ویشنو دیوی مندر کو جانے والے راستے پر مٹی کے تودے کھسکنے کا ایک واقعہ پیش آیا۔ تودے کھسکنے کی وجہ سے ایک بڑا پتھر راستے پر آ کر گرا، جس کی وجہ سے ایک عقیدتمند کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی اور دو دیگر عقیدتمند شدید طور پر زخمی ہوگئیں، اِن میں سے ایک زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسی، جبکہ ایک کم عمر لڑکی کا اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ تودے کھسکنے اور پتھر گرنے کی وجہ سے دھام تک جانے کا راستہ بند ہوگیا ہے اور شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کی قدرتی آفات سے نمٹنے والی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہے۔ x

## Stocks

گھریلو شیئر بازار، Sensex اور نفٹی آج اپنے اب تک کی سب سے اعلیٰ ترین سطح پر بند ہوئے۔ یہ پیشرفت غیر ملکی پیسے کی آمد اور امریکی شیئر بازار میں تیزی کی وجہ سے ہوئی ہے۔دن کا کاروبار ختم ہونے تک بی ایس ای Sensex ایک سو چورانوے پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 82 ہزار 560 پر بند ہوا جبکہ NSE نفٹی 43 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ ایک سات فیصد کے اضافے کے ساتھ 25 ہزار 279 پر بند ہوا۔x

## NIFT Event

آج دلّی ہاٹ میں ٹیکسٹائل کی وزارت کے ساتھ تعاون سے فیشن ٹیکنالوجی کے قومی انسٹی ٹیوٹ کے ذریعے ایک 14 روزہ تقریب CHHAAP منعقد کی گئی۔ ٹیکسٹائل کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ تقریب NIFT Craft Cluster پہل کی نمائش کرتی ہے، جو NIFT کے طلباء، سابق طلباء اور کاریگروں کے درمیان تخلیقی تعاون کو اجاگر کرتی ہے۔ کاریگروں، ہتھ کرگھا بنکروں اور ڈیزائنروں اور کاریگروں کے 160 سے زیادہ اشتراکی اسٹالز، اِس تقریب میں قائم کئے گئے ہیں۔ اِن کاریگر اور ہتھ کرگھا بنکروں کو ملک بھر سے مدعو کیا گیا ہے۔x

## Israel Protest

اسرائیل میں کل سے ملک گیر سطح پر مظاہرے کئے جارہے ہیں، جن میں مظاہرین، وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو سے مطالبہ کررہے ہیں کہ وہ غزہ میں یرغمال بنائے گئے شہریوں کی واپسی کیلئے حماس کے ساتھ ایک جنگ بندی پر بات چیت کریں۔ یہ مظاہرے اسرائیل ڈیفنس فورس IDF کی جانب سے چھ یرغمالیوں کی لاشیں برآمد کرنے سے متعلق ایک

اعلان کے بعد شروع ہوئے ہیں۔ مظاہروں کا انعقاد اسرائیل کی سب سے بڑی مزدور یونین Histadrut کی جانب سے کیا گیا ہے۔ پچھلے سال غزہ میں تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے یہ مظاہرے ، اس طرح کا پہلا قدم ہے۔ مقامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ملک بھر میں تمام سینما، تھیئٹر، میوزیم، یونیورسٹیز، ریستوراں، Cafes اور Pubs کو ان مظاہروں کی حمایت میں بند رکھا گیا ہے۔ اس کے پیش نظر ملک کا سب سے اہم ہوائی اڈہ بھی بند کردیا گیا۔x

## Paralympics

پیرس میں جاری پیرالمپکس کا پانچواں دن آج بھارت کیلئے کافی یادگار ثابت ہوا کیونکہ بیڈمنٹن کھلاڑی Nitesh Kumar نے سونے کا تمغہ ، جبکہ ایتھلیٹ Yogesh Kathuniya نے چاندی کا تمغہ جیت کر تمغوں کی تعداد میں اضافہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بھارت کے کُل تمغوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ Nitesh نے آج شام پیرا بیڈمنٹن کے مردوں کے سنگلز SL3 مقابلے میں برطانیہ کے کھلاڑی Daniel Bethel کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس سے پہلے یوگیش نے مردوں کے Discus Throw مقابلے میں F56 زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ یہ پیرالمپکس میں اُن کا دوسرا چاندی کا تمغہ ہے۔ اس کے علاوہ پیرا بیڈمنٹن کھلاڑی Thulasimathi Murugesan ، اپنی ساتھی کھلاڑی Manisha Ramadass کو ہرا کر خواتین کے SU-5 بیڈمنٹن مقابلے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں، جس سے مزید ایک اور تمغہ ملنا طے ہو گیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے فاتحین کو مبارکباد دی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆